| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 28-09-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں روابط کو مزید مستحکم کیا جائے، جان جمالی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 2۔ صوبائی حکومت سیاحوں کو مکمل تحفظ فراہم کرے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان | جنگ و دیگر اخبارات |
| 3۔ بلوچستان اسمبلی کی تزئین و آرائش کا کام دسمبر میں شروع کیا جائے، قائم مقام اسپیکر | جنگ و دیگر اخبارات |
| 4۔ وزیر اعلیٰ کے اصرار پر حکومت میں شمولیت پر آمادہ ہوئے، مولانا واسع | آزادی و دیگر اخبارات |
| 5۔ بلوچستان دُنیا بھر کے سیاحوں کیلئے جاذبیت رکھتا ہے، ضیاء اللہ لانگو | جنگ و دیگر اخبارات |
| 6۔ ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید اہلکار قوم کے محسن ہیں، نصیب اللہ مری | جنگ و دیگر اخبارات |
| 7۔ موسمیاتی تبدیلیاں ماہرین زراعت کی ذمہ داریاں بڑھ گئیں، اسد بلوچ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 8۔ عوام کو سستا آٹا فراہم کرنے کیلئے صوبے بھر میں سٹال لگائینگے، زمرک اچکزئی | مشرق و دیگر اخبارات |
| 9۔ پاک فوج ایف سی کی متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری | جنگ و دیگر اخبارات |
| 10۔ سیلابی پانی سے ہیضہ ڈائریا ڈینگی وملیریا پھیلنے کا خطرہ بڑھ رہا ہے، چیف سیکرٹری | مشرق و دیگر اخبارات |
| 11۔ والدین کو بچوں کی تعلیم و تربیت میں کوتاہی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہئے، صوبائی محتسب | جنگ و دیگر اخبارات |
| 12۔ کوئٹہ میں مہنگا دودھ فروخت کرنے والوں کے خلاف کاروائی، اسسٹنٹ کمشنر | جنگ و دیگر اخبارات |
| 13۔ متاثرہ علاقوں میں سیلابی تا حال پانی موجود وبائی امراض کے 6 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ | مشرق و دیگر اخبارات |
| 14۔ کوئٹہ ٹرین سروس 31 دسمبر تک بحال ہو جائیگی، ڈی ایس ریلوے | جنگ و دیگر اخبارات |
| 15۔ ارکان اسمبلی کا سرکاری ملازمت کیلئے 43 سال عمر کی حد بحال کرنے کا مطالبہ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 16۔ خوفناک سیلاب نے بھاگ کے عوام کو سامان بچانے کی مہلت نہیں دی، نیشنل پارٹی | مشرق و دیگر اخبارات |
| 17۔ جمعیت کے بعد بی این پی نے بھی صوبائی حکومت میں شمولیت پر غور شروع کر دیا، جمعیت | جنگ و دیگر اخبارات |
| 18۔ قانون کی بالادستی نہ ہونے کی وجہ سے کرپشن عروج پر ہے، کریم نوشروانی | مشرق و دیگر اخبارات |

## امن وامان

ڈھاڈر مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص قتل ملزمان فرار، چھتر، ڈاکوں موٹر سائیکل نقدی دیگر سامان چھین کر فرار، 19 سالہ لڑکی کی پر تشدد کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل، ونڈر پولیس کی کاروائی منشیات فروش گرفتار، کوئٹہ روک ٹوک کرنے پر بھائی کے ہاتھوں تین سگے بھائیوں کا المناک قتل، جناح روڈ پر مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر میڈیا ورکر لوٹ لیا، جدید ہتھیاروں سے لیس اہلکار جرائم کی روک تھام میں معاون ثابت ہونگے،

## عوامی مسائل

کوہلو میں آٹا کا بحران شدت اختیار کر گیا فی کلو 110 روپے میں فروخت ہونے لگا، مچھ کے متعدد وارڈ ریلیف کی سرگرمیوں میں نظر انداز متاثرین مایوس ہونے لگے۔

مورخہ 28-09-2022

## اداریہ

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**ہیلی کاپٹر کا سانحہ** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ پاک فوج کا ایک ہیلی کاپٹر بلوچستان کے علاقے ہرنائی کے قریب فلائنگ مشن کے دوران گر کر تباہ ہوگیا جس کے نتیجہ میں دو میجر سمیت چھ جوانوں شہید ہوگئے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہدا کو سپردخاک کردیا گیا ہے، شہدا کی نماز جنازہ میں پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ، سنیئر حاضر سروس اور ریٹائرڈ فوجی اور سول حکام نے شرکت کی۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اور وزیراعظم شہباز شریف نے ہیلی کاپٹر حادثے میں فوجی افسران و جوانوں کی شہادت پر گہرے دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ بلاشبہ اس سانحے میں جام شہادت نوش کرنے والے شہدا کو قوم سلام پیش کرتی ہے، بارڈرز پر دُشمن کا مقابلہ کرنا ہو یا کسی بھی قدرتی آفت سے نمٹنا ہو، پاک فوج کے جوان اپنی جانوں پر کھیل کر شہریوں کو تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ قوم کو اپنے شہدا پر فخر ہے، یہ قربانیاں نا قابل فراموش ہیں مادر وطن کے تحفظ، سلامتی اور دفاع کیلئے افواج پاکستان نے بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں۔ مادر وطن کے دفاع اور اپنے ہم وطنوں کے تحفظ کیلئے افواج کے بہادر افسران سپاہیوں سمیت تمام شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، ان کی لازوال قربانیوں کی بدولت ملک بھر میں پائیدار امن قائم ہوا۔ بلاشبہ شہادتوں سے قوم اور پاک فوج کے حوصلے پست نہیں بلکہ بلند ہوگئے ہیں۔ درحقیقت ہمارے محافظوں نے قربانیاں دے کر قوم کا مستقبل محفوظ بنادیا ہے، قوم اپنے شہیدوں اور غازیوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھے گی۔

## اداریہ

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان سیر وسیاحت کے مواقع اور سیاحت کا عالمی دن** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92 کوئٹہ نے "**پاک فوج کے ہیلی کاپٹر کا حادثہ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Importance of master plan" " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **ہرنائی ہیلی کاپٹر حادثہ پاک فوج کے 6جوان شہید** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے " **بلوچستان کابینہ میں ردوبدل کی باتیں** "کے عنوان سے جلال نورزئی کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے " **جے یو آئی (ن) کی بلوچستان حکومت میں شمولیت کی افواہیں** "کے عنوان سے رضا الرحمان کا تجزیہ شائع کیا۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 28 SEP 2022 Page No. 1


بلوچستان کے سیاحتی مقامات باعث کشش

# صوبائی حکومت سیاحوں کو مکمل تحفظ فراہم کرے گی، میر قدوس بزنجو

صوبہ نہ صرف قدرتی حسن رکھتا ہے بلکہ یہاں قدیم تہذیبوں اور تاریخی عمارتوں کے آثار بھی ملتے ہیں، عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان کے سیاحتی مقامات دنیا بھر کے سیاحوں کے لئے کشش کا باعث ہیں صوبہ نہ صرف قدرتی حسن رکھتا ہے بلکہ یہاں قدیم تہذیبوں اور تاریخی عمارتوں کے آثار بھی ملتے ہیں عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دنیا بھر میں سیاحت ایک صنعت کا درجہ اختیار کر چکی ہے اور ہمیں بھی سیاحت کے فروغ اور صوبے کے سیاحتی مقامات کو بھرپور انداز سے اجاگر کرنے کی ضرورت ہے صوبے کے سنگلاخ پہاڑوں اور ساحلوں میں بے پناہ خوبصورت سیاحتی مقامات موجود ہیں بلوچستان کا ہنگول نیشنل پارک جو نہ صرف صوبے کیلئے خوبصورتی کی علامت ہے بلکہ یہاں موجود جنگلی حیات بھی دنیا بھر میں نایاب تصور کی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سیاحت کے فروغ کے لیے صوبے کے پرکشش ساحلی مقامات پر سیاحوں کی سہولیات کے لیے ریزورٹس اور ہٹس بنا رہی ہے صوبہ کے تاریخی ورثے کو محفوظ بنانے کے لئے مری قلات شاہی حمام اور مائی پیر جیسے سیاحتی مقامات کا تحفظ کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ سیاحوں کو صوبہ کی جانب راغب کرنے کے لیے محکمہ سیاحت کی جانب سے مختلف اقدامات بھی اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ یہ اہم شعبہ بھی صوبہ کی معیشت میں اپنا کردار ادا کر سکے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سیاحوں کو مکمل تحفظ فراہم کرے گی اور ملکی اور بین الاقوامی سیاحوں کی بلوچستان آمد سے صوبے کا مثبت عکس بھی اجاگر ہوگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 28 SEP 2022 Page No. 3


## اقلیتی برادری کے 5 فیصد کوٹہ پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائیگا، خلیل جارج

**اقلیتی برادری کو ملک میں مختلف مسائل درپیش، حقوق کیلئے جلد ایک بورڈ تشکیل دیا جائیگا**

**بلوچستان میں چرچ اور مندر کے زمینوں پر زبردستی قبضہ کیا جارہا ہے، سیمینار سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) یو این ووسن کی جانب سے کوئٹہ میں سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور خلیل جارج نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے اقلیتی برادری کو مختلف محکموں میں اب تک 261 ملازمتیں فراہم کردی گئی ........ بقیہ نمبر 11 صفحہ 10 پر

ہے، اقلیتوں کی زمینوں پر قبضہ کیا جارہا ہے، اس حوالے سے چرچ، مندر کی زمینوں پر قبضہ ختم کیا جائے، جلد صوبائی کمیشن تشکیل دیا جائیگا جس میں اقلیتوں کے مسائل حل میں مدد ملے گی، کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ سیمینار سے سابق جسٹس میتھا کیلاش، جتھو کوہلی، سابق وفاقی وزیر روشن خورشید بروچہ، ڈاکٹر فائزہ، مفیدی و دیگر نے بھی سیمینار سے خطاب کیا، سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے اقلیتی امور کے پارلیمانی سیکرٹری خلیل جارج نے کہا اقلیتی برادری کو ملک میں مختلف مسائل درپیش ہے، اقلیتی برادری کے 5 فیصد کوٹہ پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائیگا، انکے حقوق کیلئے جلد ایک بورڈ تشکیل دیا جائیگا، انہوں نے کہا کہ ہماری نوجوان حکومت سے بہت زیادہ مایوس ہے، اسی طرح اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے نوجوان مختلف مسائل کا شکار ہے، حکومت سنجیدگی کیساتھ حکومتی برادری سے تعلق رکھنے والے نوجوان طبقے کے مسائل حل کریں، مقررین نے کہا کہ پورے پاکستان میں اقلیتی برادری اسوقت مختلف مسائل کا شکار ہیں اگر حکومت اس کو حل نہیں کرسکتی تو کمیٹی میں مزید مایوسی تشکیل کی، انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کے حوالے سے جو اقدامات اٹھائے جارہے ہیں وہ ناکافی ہونے کے برابر ہیں کیونکہ بلوچستان میں چرچ اور مندر کے زمینوں پر زبردستی قبضہ کیا جارہا ہے کوئٹہ میں ابھی بھی ایسے شیڈول کے ایسے اسکول ہے جو چرچ حمایتی کی بجائے کرائے پر دیئے گئے ہیں، مقررین نے نادرا میں اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کیلئے مشکلات ہیں، انہوں نے کہا کہ درست کیلئے ایک قانون بنایا جائے تاکہ تمام مسائل کا تدارک ہوسکے۔


AZADI QUETTA


## وزیراعلیٰ کے اصرار پر حکومت میں شمولیت پر آمادہ ہوئے، مولانا واسع

**مکمل اختیار کیساتھ حکومت کا حصہ بننا چاہتے ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر اور وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے اصرار پر حکومت (بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 2 پر)

میں شمولیت کیلئے آمادگی ظاہر کی لیکن ضروری نہیں کہ ہمیں صرف حصہ ملے بلکہ ہم اپنے شرائط اور مکمل اختیار کے ساتھ شامل ہونگے پہلے بھی جب ہم سے عوام مطمئن نہ ہوں اور ہمارے نظریات کی پاسداری نہ ہوئی ہوں تو ہم نے حکومتیں چھوڑ دی اس لئے جمعیت علماء اسلام اپنے شرائط سے پیچھے نہیں ہٹے گی، بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں ہے وسائل حکومت کے پاس ہے جمعیت حکومت کا حصہ بن کر سیلاب متاثرین کی بہتر داد رسی کرسکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''آن لائن'' سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ہم نے اپنا حصہ مانگا ہے زیادہ نہیں مانگا جمعیت اپنے طور پر فیصلہ کرچکی ہے اگر معاملات آگے نہیں بڑھتی تو ہم اپوزیشن میں ہونگے شمولیت کی دعوت حکومت کی طرف سے دی گئی ہے ہم نے اپنی خواہش ظاہر کی اور نہ ہی کسی سے کہا ہے، ہماری اپنی ایک روایت ہے بارہا ہمارے ارکان کو شمولیت کی دعوت دی گئی اب کے بار ہم نے شمولیت کیلئے اپنے شرائط رکھے اور مناسب سمجھا کہ حکومت کی دعوت قبول کی جائیں انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں اگر ہماری جماعت حکومت میں شامل ہوکر متاثرین کی داد رسی اور ہنگامی بنیادوں عوام کی خدمت کیلئے یہ فیصلہ کیا جمعیت علماء اسلام حکومت کا حصہ بن کر لوگوں کی خدمت اور انہیں ریلیف کیلئے مل کر کام کرے، سیلاب متاثرین کیلئے وسائل حکومت کے پاس ہے ہمارے ہاتھ خالی ہے اس لئے حکومت کا حصہ بن کر سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے بہتر سمجھا کہ شمولیت کی جائیں ہماری تاریخ رہی ہے کہ جب بھی ہم حکومت میں رہے اور وہاں عوام کی خدمت نہیں کرسکے تو پھر استعفیٰ دیکر بے بنائے حکومت سے نکل گئے جس حکومت میں عوام کی خدمت نہ ہوں اور ہمارے نظریات کی پاسداری نہ ہوں تو ہم پہلے حکومت کا حصہ بنے ہیں شاید شامل ہونگے سیلاب زدگان کا اس وقت مدد ممکن ہے جب ہمارے پاس مکمل اختیار ہوں جب اختیار نہ ہوں تو عوام بے یار رہتی ہے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے محسوس کیا کہ جمعیت کے بغیر حکومت ممکن نہیں تو اصرار کیا کہ جمعیت شامل ہوں۔

## وزارتوں میں ردوبدل کے باتوں میں کوئی حقیقت نہیں، حاجی محمد خان اتمانخیل

**صوبائی حکومت مستحکم اور اتحادیوں کے درمیان مکمل ہم آہنگی ہے، عوام کا موجودہ صوبائی حکومت پر بھرپور اعتماد ہے، صوبائی وزیر انڈسٹریز**

**سیلاب سے جانی نقصانات کے ساتھ ساتھ مالی نقصانات ہوئے ہیں حکومت جانی نقصان والے فی خاندان کو دس لاکھ روپے کی امداد دے چکی ہے**

لورالائی (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز حاجی محمد خان اتمانخیل نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت مستحکم ہے اور اتحادیوں کے درمیان مکمل اتحاد ہے واتفاق ہے جبکہ کوئی بھی ردوبدل اتحادیوں کے مشاورت سے کیا جائیگا وزارتوں میں ردوبدل کے باتوں میں کوئی حقیقت نہیں ہے یہ محض افواہیں ہیں جس میں کوئی صداقت نہیں ہے جبکہ اس ضمن میں اتحادیوں کے درمیان مکمل ہم آہنگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال سے پورا صوبہ خصوصا لورالائی میں شدید نقصانات ہوئے ہیں جس میں جانی نقصانات کے ساتھ ساتھ مالی نقصانات بھی ہوئے ہیں۔ جانی نقصانات اٹھانے والے خاندانوں کے لیے حکومت فی خاندان دس لاکھ روپے کا مدد دے چکی (بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 5 پر)

ہے جبکہ مالی نقصانات کے ازالے کے لیے ہر محکمہ سروے میں مصروف عمل ہے اور جیسے ہی سروے مکمل ہولی انکے نقصانات کے ازالے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بہت جلد لورالائی کو دیگر اضلاع کی طرح آفت زدہ قرار دیگی اس مقصد کے لیے ان کا وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو اور چیف سیکرٹری سے بات ہوگئی ہے جن کا جلد باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کرادیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی حکومت اتحادیوں اور عوام کی منتخب حکومت ہے اور عوام کا موجودہ صوبائی حکومت پر بھرپور اعتماد ہے اور انشاء اللہ ہم عوام کے اس اعتماد کو کبھی بھی ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 28 SEP 2022 Page No. 7


# کوئٹہ سے ٹرین سروس 31 دسمبر تک بحال ہو جائیگی، ڈی ایس ریلوے

## کوئٹہ سبی سیکشن کی بحالی پر دن رات کام جاری ہے، ٹرینوں کی بندش کے باعث مسافروں کی مشکلات و پریشانی سے بخوبی آگاہ ہیں، فرید احمد کی جنگ سے بات چیت

لاہور (محمد صابر اعوان/نمائندہ جنگ) پاکستان ریلوے ۔۔۔ کوئٹہ تفتان سیکشن کو 30 ستمبر تک مکمل طور پر فٹ قرار دیکر فریٹ آپریشن کے لئے کھولنے کا فیصلہ کرلیا ہے جبکہ کوئٹہ سبی سیکشن کو کولپور اور رچ کے درمیان ہرک ریلوے اسٹیشن کے قریب سیلاب سے متاثرہ پلی کی مرمت کے بعد 31 دسمبر تک کھول دیا جائے گا یہ بات کوئٹہ ریلوے ڈویژن میں نئے تعینات ہونے والے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ فرید احمد نے جنگ سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے چارج سنبھالنے کے بعد گزشتہ روز کوئٹہ تفتان سیکشن کا تفصیلی معائنہ کیا اور سیلاب سے متاثرہ ٹریک کی بحالی کے حوالے سے صورتحال کا جائزہ لیا تفتان سیکشن کے دورے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے فرید احمد نے کہا کہ ریلوے ہیڈ کوارٹر کی جانب سے ہمیں کوئٹہ تفتان سیکشن کو کوئٹہ تک فریٹ آپریشن کے لئے 30 ستمبر تک کھولنے کا ٹارگٹ دیا گیا ہے اور انشاءاللہ اسکے مطابق ہم مذکورہ سیکشن کو ہر لحاظ سے فٹ قرار دیکر 30 ستمبر کی صبح تک کھول دیں گے سیکشن پر 104 مقامات پر سیلاب سے ٹریک کو نقصان پہنچا تھا اور ٹریک کا کئی کلو میٹر کا حصہ پانی میں بہہ گیا تھا اور بعض مقامات پر پلوں اور ٹریک کے دیگر پشتوں کو بھی نقصان پہنچا تھا جس کی انجینئرز کی نگرانی میں مرمت کردی گئی ہے اور اب اسے فریٹ آپریشن کے لئے 30 ستمبر کو کھولا جارہا ہے جبکہ کوئٹہ سبی سیکشن صرف ہرک کے مقام پر ایک بڑا پل سیلابی پانی میں بہہ جانے سے متاثر ہے جس کے لئے 31 دسمبر 2022 تک کا ٹارگٹ ہے انشاءاللہ مقررہ وقت کے اندر اسے بھی دوبارہ مرمت کرکے بحال کردیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ہم مسافروں کی مشکلات و پریشانی سے بخوبی آگاہ ہیں جس کے لئے دن رات کوئٹہ سبی سیکشن کی بحالی پر کام جاری ہے۔ فرید احمد نے کہا کہ کوئٹہ ڈویژن ملک کا واحد ریلوے ڈویژن ہے جو پاکستان کو ایران اور افغانستان کے دو الگ الگ انٹرنیشنل بارڈرز سے ملاتا ہے اس لئے ہماری کوشش ہے کہ نہ صرف فریٹ آپریشن بلکہ ٹرین آپریشن کو بھی جلد از جلد بحال کر مسافروں کی مشکلات میں کمی لائی جائے جس کے لئے وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے بھی خصوصی ہدایات جاری کررکھی ہیں۔

# والدین کو بچوں کی تعلیم و تربیت میں کوتاہی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے، نذر محمد بلوچ

## موبائل فون کا بے جا اور غلط استعمال سماجی برائیوں کا سبب، شرم کے باعث جنسی جرائم رپورٹ نہ کرنے سے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے، صوبائی محتسب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ ایڈووکیٹ کی زیر صدارت سائبر کرائمز برخلاف بچے کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں آئی جی جیل خانہ جات شجاع الدین کاسی ڈائریکٹرز محتسب سیکرٹریٹ سید منور احمد ہاشمی سعید احمد شاہوانی ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ محمد یوسف مینگل سینئر ایڈوائزر وفاقی ریجنل آفس بلوچستان غلام سرور براہوئی چیئرمین ایس او ایس ویلج خورشید بروچہ سحر آرگنائزیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عبدالودود محمد طارق خان ایڈیشنل ڈائریکٹر ایف آئی اے ڈپٹی سیکرٹری انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ امجد سہیل اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ اٹارنی لاہدایت اللہ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ناصر علی بلوچ سیکشن آفیسر کالجز کاشف علی رضا ڈی ایس پی سید مہدی اے آئی جی جیل خانہ جات سمیع اللہ خان رجسٹرار صوبائی محتسب سیکرٹریٹ سید محمد علی ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب امیر محمد رند اے ڈی سوشل ویلفیئر ماہ سلطان مینگل و دیگر نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی محتسب نے کہا کہ معصوم بچے ہمارا مستقبل ہیں انہیں سماجی برائیوں سے دور رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم ان کی تربیت میں غفلت اور لاپرواہی کا مظاہرہ نہیں کریں۔ دور حاضر بڑے بڑے مسائل میں موبائل فون کا غلط استعمال ہے لہٰذا ہمیں اس معاملے میں بچوں کے موبائل فون کے استعمال پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے اور اس کے علاوہ ہمیں اپنے بچوں کو ایک دوستانہ ماحول فراہم کرنا ہوگا۔ صوبائی محتسب نے کہا کہ ہمارے معاشرے کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ ہم سائبر کرائمز یا دوسری صورت میں کسی بچے کے ساتھ ہونے والی بدفعلی کو رپورٹ نہیں کرتے اور بعض اوقات متاثرہ بچہ یا خاندان شرم اور اپنی عزت بچانے کیلئے خاموشی اختیار لیتا ہے جس کی وجہ سے اس طرح کے جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ سائبر کرائمز اور بچوں کے ساتھ بدفعلی کے حوالے سے بنائے گئے قانون اور چائلڈ پروٹیکشن ایکٹ کے تحت سزا و جزا کے بارے میں اکثر لوگوں کو معلومات حاصل نہیں جس کی وجہ سے متاثرہ لوگ حصول انصاف کیلئے عدالتوں کا رخ نہیں کرتے صوبائی محتسب نے اجلاس کے توسط سے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہم سب کی ذمہ داریوں میں شامل ہے کہ ہم لوگوں کو اس حوالے سے آگاہی فراہم کریں اجلاس سے دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنے بچوں کی معمولات اور رویوں کا بغور جائزہ لینا چاہیے ہمیں ان کے ساتھ سائبر کرائمز اور کسی بھی زیادتی، بدسلوکی کے بارے میں کھل کر بات کرنا ہوگا تاکہ خدانخواستہ کسی بھی غلط عمل کے بعد بچہ [illegible] کے ساتھ بے خوف ہو کر بات کر سکے [illegible] فیصلہ ہوا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز اگلے اجلاس [illegible] لے سے کیے گئے اقدامات کے بارے میں [illegible] ب کو تحریری طور پر آگاہ کریں تاکہ اس بات کا [illegible] جا سکے کہ ہماری محنت اور کاوشیں کس حد تک [illegible] علاوہ ازیں اجلاس میں اسلام [illegible] بانو ہاشمی نے [illegible] خلاف بچے [illegible] ٹاسک فورس برائے عمارت [illegible] کے بارے میں مکمل بریفنگ دیتے ہوئے ٹاسک فورس کے قیام کا مقصد خدوخال اور کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں تفصیلات سے شرکا کو آگاہ کیا۔

سیاسی جماعتیں

نصیر آباد میں امدادی سامان کی غیر منصفانہ تقسیم قبول نہیں

# نقصانات کے سروے پر تحفظات ہیں، اعتماد میں لیا جائے

منظور نظر افراد کے گھروں کو سروے میں شامل کرنا حقدار متاثرین کے زخموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، ناانصافیاں برداشت نہیں کر سکتے

ڈی ایم جمالی کی انتظامیہ کی جانب سے راشن کی بندر بانٹ ظلم کی انتہا ہے، مستحقین کے حقوق کی جدوجہد سے دستبردار نہیں ہونگے، رحمت اللہ منگلزئی، سید گل شاہ، محمد رحیم لہڑی و دیگر کا اجلاس سے خطاب

نصیر آباد (نامہ نگار) شہری ایکشن کمیٹی نصیر آباد کے چیئرمین اور جمعیت علمائے اسلام کے تحصیل امیر حاجی رحمت اللہ منگلزئی کے زیر قیادت شہری ایکشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں جمعیت علماء پاکستان کے مولانا عبدالحکیم انقلابی، بی این پی عوامی کے سید گل شاہ، پاکستان تحریک انصاف کے غازی خان جتوئی، مسلم لیگ ن کے خان جان منگلزئی، پی پی پی کے محمد رحیم لہڑی ودیگر شریک ہوئے، اجلاس میں سیلاب اور بارشوں سے ہونے والے نقصانات کے بارے سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا شرکاء سے چیئرمین حاجی رحمت اللہ منگلزئی سمیت دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں کے بعد جو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سروے ہو رہا ہے اس پر ہمیں سخت تحفظات ہیں سروے میں بھی من پسند لوگوں کے گھروں کا ہو رہا ہے اصل متاثرین کو نظر انداز کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی سٹی ستر فیصد بارشوں سے متاثر ہوا ہے مگر انتظامیہ نے سٹی ڈیرہ مراد جمالی کے متاثرین کو مکمل نظر انداز کیا گیا ہے آج تک شہر کے اندر انتظامیہ نے متاثرین کو ایک تھیلہ راشن کا بھی نہیں دیا ہے شہر کے تمام کچے گھر منہدم ہو گئے ہیں لیکن اس کے باوجود متاثرین کا ایک بھی ٹینٹ بھی لگانے کیلئے نہیں دی گئی ہے، انہوں نے کہا کہ مچھر دانیاں اور اسپرے بھی من پسند لوگوں محلوں میں تقسیم کی جا رہی ہیں ان ناانصافیوں کو دیکھتے ہوئے ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ وفد کی صورت میں ڈپٹی کمشنر سے ملاقات کر کے انہیں تمام مسائل اور تحفظات کے بارے میں آگاہ کریں گے اگر انتظامیہ نے مسائل حل نہیں کئے تو پھر ہم قومی شاہراہ پر دھرنا دیں گے اور انتظامیہ کے خلاف بھرپور احتجاج کریں گے جو کہ ہمارا آئینی حق ہے ہم اپنے عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کرتے رہیں گے

INTEKHAB QUETTA

# وزیراعلیٰ نے ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا ہے، جام کمال

جمعیت حکومت میں شمولیت کے بارے میں موقف واضح کرے، صحافیوں سے بات چیت

سیلاب کی وجہ سے صوبے میں خوراک صحت اور امن وامان کا بحران آ سکتا ہے، اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا ہے، وزیراعلیٰ سے براہ راست کوئی رابطہ نہیں ہوا ہے، جمعیت علماء اسلام کے حکومت میں آنے کے حوالے سے واضح انداز میں صوبائی حکومت یا جمعیت علماء اسلام کے اراکین

بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر 7

بتا سکتے ہیں، آپسی اختلافات نے پارٹی کو کمزور کیا کوشش ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کو منظم کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ سابق وزیراعلیٰ جام کمال خان نے کہا کہ سیلاب کے باعث گزشتہ ڈھائی ماہ سے کوئٹہ سے باہر تھا وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو سے کوئی ملاقات نہیں ہوئی ہے، ہم گزشتہ 8 سے 9 ماہ سے سیاسی خیر باد کا سلام کا ماحول نہیں تھا وزیراعلیٰ نے حلف اٹھانے سے قبل بھی ملاقات کی خواہش کی تھی لیکن اس دوران میں کراچی میں تھا، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سے براہ راست بات نہیں ہوئی ہم مشترکہ سیاسی دوستوں کے ذریعے وزیراعلیٰ نے پیغام دیا کہ وہ ملاقات کے لئے آنا چاہتے ہیں اگر کوئی گھر آئے یا ملاقات کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی جانب سے کھانے پر بلانے کا کوئی علم نہیں ہے۔ اس سے قبل سابق وزیراعلیٰ جام کمال خان نے کہا ہے کہ سیلاب کے نتیجے میں خوراک، امن وامان، صحت کا بحران جنم لے رہا ہے بروقت اقدامات نہ اٹھائے گئے تو صورتحال سنگین ہو جائیگی، زمینداروں کو بلاسود قرضے، زرعی بینک کے ذریعے بلاسود قرضے، گندم کی کاشت کے لئے بیج، یوریا اور فرٹیلائزر کی فراہمی کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں تو آنے والے دنوں میں ہونے والے نقصانات سے بچا جا سکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب سے لوگوں کی زندگی بھر کی جمع پونجی ختم ہو گئی ہے یہ نہیں سمجھا جائے کہ سیلاب اور بارشوں کا سلسلہ ختم ہو گیا ہے اس کے بعد جو صورتحال آ رہی ہے وہ انتہائی خطرناک ہے اور اس سے نمٹنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے اب تک صورتحال سے عوام کو آگاہ نہیں کیا ہے کہ آگے کیا ہونے جا رہا ہے ہمیں مستقبل قریب کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے بہتر انداز میں منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اقتصادی طور پر چیلنجز کا شکار ہے یہ صورتحال صرف پاکستان نہیں بلکہ یورپ سمیت دیگر ممالک میں بھی ہے نصیر آباد میں بڑے پیمانے پر گندم کی کاشت ہوتی ہے لیکن اس بار اس کی شدید کمی کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔

## خوست دھرنا کمیٹی کا کل اسمبلی کے سامنے دھرنا اور احتجاج کا اعلان

حکومت نے مذاکراتی کمیٹی کے ذریعے تسلیم کردہ مطالبات کے احکامات جاری نہیں کیے، بیان

ہرنائی (نامہ نگار) خوست دھرنا کمیٹی کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ مطالبات کے حل کیلئے 29 ستمبر جمعرات کو صوبائی اسمبلی کے سامنے دھرنا اور احتجاج کیا جائیگا، کیونکہ حکومت نے مذاکراتی کمیٹی کے ذریعے تسلیم کردہ مطالبات کے سلسلے میں اب تک احکامات جاری نہیں کئے ہیں اور ضلع ہرنائی کے عوام پر اذیت ناک صورتحال مسلط ہے۔ شہید خالقداد بابر کے قاتلوں کی گرفتاری نہیں ہوئی، 14، اگست کے زخمیوں کی ایف آئی اور درج نہیں کی جارہی ضلع کی عوامی آبادی میں مورچے اور کیمپ برقرار ہیں جن کی فائرنگ اور نقل وحمل سے عوام تنگ ہونے کے ساتھ خوف و ہراس اور چادر چاردیواری کا تقدس پامال ہے، کول مائنز پر بھتہ خوری جاری ہے اور گزشتہ دنوں کوئلے کے ٹرکوں پر فائرنگ کرکے بھاری نقصان پہنچایا گیا، سول انتظامیہ مفلوج ہے۔ بیان میں حکومت اور منتخب ارکان اسمبلی سے ایک بار پھر مطالبہ کیا گیا کہ وہ اپنی آئینی، قانونی اور جمہوری ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے اس اہم مسئلے کو حل کرنے کے احکامات جاری کریں۔ تاکہ عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور تشویش کا خاتمہ ہو سکے۔

## حب سے اغوا ہونیوالی خاتون 2 بچوں سمیت بازیاب، ملزم گرفتار

کوہلو (این این آئی) کوہلو لیویز نے خفیہ اطلاع پر ماوند میں کارروائی کرتے ہوئے حب سے اغوا ہونے والے خاتون (س) کو دو بچوں صفیہ بی بی اور عبدالمنان سمیت بازیاب کرکے ملزم فاروق کو گرفتار کرلیا۔

## منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار

وندر (آن لائن) وندر پولیس نے ڈام بندر میں ایک کارروائی کے دوران 4 سو گرام چرس برآمد ہونے پر منشیات فروش عبدالحمید سکنہ ڈام کو گرفتار کرلیا۔



## کوئٹہ میں تین بھائیوں کے قتل کا ڈراپ سین، سگا بھائی ہی قاتل نکلا

مقتولین کی چمن میں تدفین ہر آنکھ اشکبار

ڈاکٹر ناصر اچکزئی کے تینوں بیٹے شادی کی تقریب سے ملازم کے ہمراہ گھر آرہے تھے ملزم نے بھائیوں پر شدید فائرنگ کردی

تینوں بھائی موقع پر جاں بحق ملزم قیس خان نے زخمی ملازم کو ہسپتال پہنچایا اور فرار ہونے کی کوشش کی، پولیس نے پسٹل برآمد کرلی

جاں بحق بیٹوں کے والد رکن اسمبلی اصغر اچکزئی کے کزن ہیں، جائیداد کے تنازعے پر قتل کیا، ملزم قیس خان نے اعتراف جرم کرلیا

کوئٹہ، چمن (سٹی رپورٹر، نامہ نگار) کوئٹہ پولیس کے پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ 26 ستمبر کو رات ساڑھے گیارہ......


بقیہ نمبر 22 صفحہ 9 پر


وبجے کے درمیان کوئٹہ شہر میں ایک لرزہ خیز واقعہ پیش آیا جس میں ڈاکٹر ناصر اچکزئی کے بیٹوں کی گاڑی پر فائرنگ ہوئی جس کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ نے بروقت پولیس کارروائی شروع کردی وقوعہ کے ٹائم گاڑی میں پانچ اشخاص موجود تھے جن میں سیدال خان، زریان خان، قیس خان، زرنگ خان پسران ڈاکٹر ناصر اچکزئی اور اسفند ولد جمال الدین قوم اچکزئی سکنہ چمن گھریلو ملازم ڈاکٹر ناصر اچکزئی موجود تھے جوکہ ایک شادی میں شرکت کے بعد واپس گھر کی طرف جارہے تھے کہ راستے میں نامعلوم الاسم ملزم بلکہ مان نے گاڑی پر فائرنگ کی جس سے گاڑی میں موجود سیدال خان، زریان خان اور زرنگ خان پسران ڈاکٹر ناصر اچکزئی کو قتل کردیا جس میں اسفند ولد جمال الدین زخمی ہوا اور قیس خان ولد ڈاکٹر ناصر معجزانہ طور پر محفوظ رہا پولیس اور ڈی آئی اے پولیس کوئٹہ نے موقع پر پہنچ کر اپنی تفتیش شروع کی اور دوران تفتیش دل دہلا دینے والی چیزیں سامنے آئیں

## جدید ہتھیاروں سے لیس اہلکار جرائم کی روک تھام میں معاون ثابت ہونگے، آئی جی پولیس

پولیس سے متعلقہ تمام شعبوں بشمول کرائم برانچ جرائم کی روک تھام اور انصاف کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے

فرانزک ماہرین کو کمپیوٹر اور سیل فون فارنزک، سائبر/الیکٹرانک جرائم کی تحقیقات اور ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ میں مہارت حاصل ہے، عبدالخالق شیخ

کوئٹہ (غ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا ہے کہ موجودہ دور میں جدید آلات اور مشینری کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم کی بیخ کنی کی جائے گی۔ پولیس سے متعلقہ تمام شعبوں بشمول کرائم برانچ جرائم کی روک تھام اور انصاف کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جبکہ پولیس کو ملنے والی جدید آلات وہتھیار جرائم کے خاتمے اور بڑھتے ہوئے نئے جرائم کی......


بقیہ نمبر 33 صفحہ 10 پر


روک تھام میں معاون ثابت ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز کرائم برانچ ہیڈکوارٹر کے دورے کے موقع پر افسران سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان کو کرائم برانچ کے مختلف حصوں اور فرائض کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ جبکہ انہیں فرانزک سائنس لیبارٹری کا بھی دورہ کروایا گیا۔ انہوں نے دہشتگردی کی وارداتوں میں پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جدید وسائل کے باوجود پولیس نے اپنی جانوں کی بے شمار قربانیاں دی ہیں موجودہ صورتحال میں پولیس کا مورال بلند ہوگا اور کارکردگی بھی مزید نکھر کر سامنے آئیگی۔ انہوں نے کہا کہ کرائم برانچ کا بنیادی کام جرم کا تجزیہ کرکے منصوبہ سازوں کو ڈھونڈ کر کٹہرے میں لانا ہے۔ آئی جی پولیس نے کرائم سین ڈیٹا کا معائنہ کیا اور کہا کہ نئی آلات کے ذریعے کرائم کو روکنے میں مدد ملے گی۔ حکومت کی مکمل سپورٹ ہمیں حاصل ہے اور امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کیلئے پولیس کے تمام شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے ساتھ ساتھ جدید آلات وہتھیاروں سے لیس کیا جائیگا جس سے کرائم میں نہ صرف کمی ہوگی بلکہ اسکی مکمل بیخ کنی کی جاسکے گی۔ آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ کو بتایا گیا ہے کہ کرائم برانچ میں جدید ترین فرانزک سائنس لیبارٹری ہے جس میں فرانزک ماہرین کو کمپیوٹر اور سیل فون فارنزک، سائبر/الیکٹرانک جرائم کی تحقیقات، انفارمیشن سسٹم آڈٹ اور ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ میں مہارت حاصل ہیں۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے اس موقع پر کہا کہ کرائم برانچ کو جدید آلات سے آراستہ کرکے منظم کرائم کی بیخ کنی کی جائے گی اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران اور اہلکاروں کی ہرممکن حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

## کوئٹہ میں روٹی کی قیمت 30 روپے ہوگئی 200 گرام نان 20 روپے فروخت ہوگا

تمام تنور مالکان کو پرائس لسٹ آویزاں کرنے کی ہدایت، مقررہ قیمت اور وزن پر فروخت کو یقینی بنائیں، ہدایات جاری

کوئٹہ اور کینٹ ایریا میں روٹی/نان کی قیمت اور وزن کا تعین کردیا، خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی ہوگی

کوئٹہ (غ ن) ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک اعلامیہ کے مطابق ضلع کوئٹہ اور کینٹ ایریا میں روٹی/نان کی قیمت او......


بقیہ نمبر 31 صفحہ 9 پر


روزن کا تعین کردیا گیا ہے جس کے مطابق 300 گرام روٹی/نان کی قیمت 30 روپے اور 200 گرام روٹی/نان کی قیمت 20 روپے مقرر کردی گئی ہے۔ اعلامیہ میں تمام تنور مالکان کو پرائس لسٹ آویزاں کرنے کی ہدایت کی گئی ہے اور تاکید کی گئی ہے کہ مقررہ قیمت اور وزن پر فروخت کو یقینی بنائیں خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 28 SEP 2022 Page No. 04

Bullet No. 5


# کوہلو میں آٹا کا بحران شدت اختیار کر گیا، فی کلو 110 روپے میں فروخت ہونے لگا

گرانفروش شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے

آٹا کی بیس کلو والے تھیلے کی قیمت میں اچانک 1000 روپے اضافہ سے غریبوں کی چیخیں نکل گئیں

مہنگائی مافیا نے عوام کی مشکلات بڑھانے کیلئے سبزیوں کی قیمتوں میں اپنی جانب سے اضافہ کردیا ہے، مشرق رپورٹ

کوہلو (نمائندہ مشرق) کوہلو میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا، فی کلو آٹا 110 روپے تک فروخت ہو رہا ہے، گرانفروش شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے، مشرق رپورٹ کے مطابق کوہلو میں آٹے کی بڑھتی قیمتوں نے شہریوں کی چیخیں نکال دی ہیں کلو آٹے کا تھیلا 2100 سے 2200 روپے تک فروخت ہو رہا ہے مہنگائی کے طوفان میں پسے عوام کی قوت خرید جواب دے گئی ہے۔ دوسری جانب پنجاب کے شہر ڈی جی خان سے درآمد شدہ آٹے کا بیس کلو تھیلے میں 9 سوایک ہزار روپے تک مہنگا فروخت کیا جا رہا ہے۔ مہنگائی کے اس طوفان میں رہی سہی کسر سبزی اور پھلوں کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے پوری کردی ہے، آلو 80، ٹماٹر 200، گوبھی 120، بھنڈی 140 روپے تک فی کلو فروخت ہو رہا ہے انگور فی کلو 260 اور کیلا فی درجن 150 روپے فروخت ہو رہا ہے عوامی حلقوں نے مہنگائی کے طوفان پر قابو پانے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر گرانفروشوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

# مچھ کے متعدد وارڈز ریلیف کی سرگرمیوں میں نظرانداز، متاثرین مایوس ہونے لگے

سیلاب زدگان طفل تسلیوں کے باوجود راشن، خیمے اور دیگر ضروریات زندگی سے محروم چلے آرہے ہیں

وارڈ عیدگاہ اور ریلوے میں صفائی کی صورتحال بھی ابتر ہے جس کے باعث سانس لینا بھی مشکل ہو چکا ہے

حلقہ انتخاب کے سینکڑوں امداد نہ ملنے کی وجہ سے بے یار ومددگار مسیحا کے منتظر ہیں، کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے

مشکل میں پھنسے ہوئے عوام کی دادرسی نہ ہوئی تو احتجاج پر مجبور ہونگے، کونسلر مولانا عبدالصمد شاہوانی کی پریس کانفرنس

مچھ (نامہ نگار) وارڈ عیدگاہ ریلوے وارڈ کو جان بوجھ کر انتظامی آفیسر نظر انداز کر رہا ہے میرے حلقہ انتخاب کے سیلاب و بارش متاثرین کو راشن ٹینٹ سامان برتن وغیرہ کچھ بھی نہیں دیا جا رہا ہے، انتظامی آفیسران نے مجھے پریس کانفرنس نہ کرنے کے بدلے 15 راشن کے تھیلوں کی پیشکش کی جس کو میں نے ٹھکرا دیا کیونکہ حالیہ بارشوں اور سیلاب سے سینکڑوں لوگ میرے حلقے میں متاثر ہوئے ہیں انہیں ایک تھیلہ راشن کا دینا قابل افسوس ہوگا، سفارشی بنیادوں پر راشن کی تقسیم کا نوٹس لے کر حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں، ان خیالات کا اظہار نومنتخب کونسلر مولانا عبدالصمد شاہوانی نے پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ وارڈ عیدگاہ اور ریلوے میں صفائی کی صورتحال بھی ابتر ہے جس کے باعث سانس لینا بھی مشکل ہو چکا ہے، حلقہ انتخاب کے سینکڑوں امداد نہ ملنے کی وجہ سے بے یار ومددگار مسیحا کے منتظر ہیں، کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے، مشکل میں پھنسے ہوئے عوام کی دادرسی نہ ہوئی تو احتجاج پر مجبور ہو نگے، اس موقع پر ان کے ہمراہ مولانا حسن شاہ و دیگر بھی موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 8

Dated: 28 SEP 2022 Page No. 15


# اسکول مالکان نے کورونا دور کی فیس بھی طلب کر لی

فیس جمع نہ کرنے والے نہم ودہم کلاس کے طلبا کے رجسٹریشن اورداخلہ فارم بلوچستان بورڈ نہ بھجوانے کی دھمکیاں، صورتحال سے بچوں کا مستقبل داؤ پر لگ گیا، والدین تشویش میں مبتلا

**نجی اسکول مافیا اپنا بینک بیلنس بڑھانے کے چکر میں اس طرح کے حربے استعمال کررہا، کسی صورت قبول نہیں، غیر ضروری فیس کی طلبی کا نوٹس لیا جائے، والدین کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں نجی اسکول مافیانے تعلیم کو کاروبار کا ذریعہ بنالیا، نجی اسکول مالکان نے طلباوطالبات سے کورونا کے دنوں کی فیسیں طلب کرلیں، فیس جمع نہ کرنے والے نہم ودہم کلاس کے طلبا کی رجسٹریشن اورداخلہ فارم بلوچستان بورڈ کو نہ بھجوانے کی دھمکیاں دینے لگے جس کی وجہ سے بچوں کا مستقبل داؤ پر لگ گیا اوروالدین تشویش میں مبتلا ہوگئے ہیں، متاثرین نے صوبائی وزیر تعلیم اور سیکریٹری تعلیم سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے دیگر شہروں کی طرح کوئٹہ میں بھی نجی اسکول مافیا کی من مانیوں کا سلسلہ جاری ہے اورآئے روز مختلف بہانے بنا کر فیسوں میں اضافہ کرکے طلبا کیلئے مزید مشکلات پیدا کردیں اوراب اسکول مافیا نے کورونا وائرس صوبائی دارالحکومت کے اکثر نجی تعلیمی اداروں نے طلباو طالبات کے نہم ودہم کی بورڈ رجسٹریشن اورداخلہ فارم بورڈ آفس بھجوانے کیلئے 2 سال قبل کی فیسیں جمع کرنے کا مطالبہ کردیا۔ بچوں کے والدین رحمت اللہ، آغا فیصل خان، جاوید علی چوہدری، حبیب کاکڑ سید راز محمد اور دیگر نے بتایا کہ 2020 میں جب کورونا وائرس عروج پر تھا حکومت نے بچوں اور اساتذہ کی حفاظت کیلئے تمام سرکاری ونجی اسکولوں کو بند کرنے کا حکم جاری کیا تھا جس کے بعد طویل عرصے تک تعلیمی ادارے بندرہے مگر پھر بھی اس طرح بچوں کے داخلہ اوررجسٹریشن فارم بورڈ آفس نہ بھجوانے کی دھمکی دیکر اس وقت کی فیسوں کا مطالبہ کرنا باعث تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب ایک سال سے زائد کا عرصہ گزرگیا ہے کہ اسکول بحال ہوگئے ہیں مگر پھر بھی نجی اسکول مافیا اپنا بینک بیلنس بڑھانے کے چکر میں اس طرح کے حربے استعمال کررہی ہے جو کسی صورت قبول نہیں ہے۔ انہوں نے صوبائی وزیر تعلیم اور سیکریٹری تعلیم سے مطالبہ کیا آئے روز نجی اسکول مافیا کی جانب سے غیرضروری فیسوں کا مطالبہ کرنے کے اقدامات کا نوٹس لیتے ہوئے اس میں ملوث اسکول مالکان کیخلاف کریک ڈاؤن کیا جائے۔

# ڈیرہ اللہ یار: امدادی سامان کی عدم فراہمی پر سیلابی متاثرین نے احتجاجی کیمپ قائم کر دیا

مختلف دیہات کے سیکڑوں متاثرین نے کورٹ روڈ پر پہنچ کر انتظامیہ کیخلاف نعرے بازی کی، باغات تباہ، متاثرین وبائی امراض میں مبتلا ہوگئے، بخش رند

**امدادی سامان بااثر افراد کے بنگلوں میں پہنچایا جارہا، اصل متاثرین مشکلات کا شکار، مظاہرین، اے سی مانجھی پور کی مسائل حل کی یقین دہانی پر احتجاجی کیمپ ختم**

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار میں سیلاب متاثرین نے امدادی سامان نہ ملنے کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے کورٹ روڈ پر احتجاجی کیمپ قائم کردیا، گوٹھ حاجی غلام حسین رند سمیت مختلف دیہات کے سیکڑوں سیلاب زدگان نے پیر بخش رند ایڈووکیٹ آدم خان رند اور نصراللہ رند کی قیادت میں ٹریکٹر ٹرالیوں اور دیگر گاڑیوں میں سوار ہوکر ڈیرہ اللہ یار پہنچے اور کورٹ روڈ پر احتجاجی کیمپ قائم کیا اس موقع پر سیلاب متاثرین نے شدید نعرے بازی کی۔ احتجاجی کیمپ پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے پیر بخش رند، آدم خان رند، نصراللہ رند ودیگر کا کہنا تھا کہ سیلاب کو آئے ایک ماہ گزر گیا ہمارے دیہات کے دیہات تباہ ہوگئے، فصلیں اور باغات اجڑ گئے، لوگ بے سروسامانی کی حالت میں کھلے آسمان تلے پڑے ہیں۔ سیلاب سے تباہی کے بعد اب متاثرین وبائی امراض میں مبتلا ہوگئے، خواتین، بچے، بیمار پڑے ہیں۔ حکومت کی جانب سے متاثرین کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا جارہا نہ ہی نقصانات کا سروے کیا جارہا ہے، امدادی سامان بندر بانٹ کیا جارہا ہے، بااثر افراد کو ٹرک انکے بنگلوں پر پہنچائے جارہے ہیں۔ غریب کو راشن کا ایک تھیلا بھی نہیں مل رہا لوگ بھوک سے نڈھال ہیں بعض دیہات میں متاثرین سیلابی پانی پینے پر مجبور ہیں۔ حکومت اور فلاحی ادارے ان علاقوں میں کام کررہے ہیں جہاں سیلاب نہیں حکومتی شخصیات بھی ان علاقوں کا دورہ کر رہی ہیں۔ غریب کی کوئی نہیں سنتا، متعدد بار حکومتی نمائندوں اور انتظامیہ کو شکایات درج کروانے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہورہی۔ شاید حکومت سیلاب میں زندہ بچ جانے والوں کو بھوک سے مارنا چاہتی ہے احتجاجی کیمپ پر اسسٹنٹ کمشنر مانجھی پور عبدالکریم بگٹی نے پہنچ کر مظاہرین کے تمام مطالبات کو جائز قرار دیتے ہوئے فوری طور پر انکے دیہات میں سروے شروع کروانے کے ساتھ امدادی سامان پہنچانے کی یقین دہانی کروائی جسکے بعد احتجاجی کیمپ ختم کردیا گیا۔

## ہیلی کاپٹر کا سانحہ

پاک فوج کا ایک ہیلی کاپٹر بلوچستان کے علاقے ہرنائی کے قریب فلائنگ مشن کے دوران گر کر تباہ ہوگیا' جس کے نتیجے میں دو میجر سمیت چھ جوانوں شہید ہو گئے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہدا کو سپرد خاک کر دیا گیا ہے، شہدا کی نماز جنازہ میں پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ' سنیئر حاضر سروس اور ریٹائرڈ فوجی اور سول حکام نے شرکت کی۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہیلی کاپٹر حادثے میں فوجی افسران و جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بلاشبہ اس سانحے میں جام شہادت نوش کرنے والے شہدا کو قوم سلام پیش کرتی ہے، بارڈرز پر دشمن کا مقابلہ کرنا ہو یا کسی بھی قدرتی آفت سے نمٹنا ہو، پاک فوج کے جوان اپنی جانوں پر کھیل کر شہریوں کو تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ قوم کو اپنے شہدا پر فخر ہے، یہ قربانیاں ناقابل فراموش ہیں مادر وطن کے تحفظ، سلامتی اور دفاع کے لیے افواج پاکستان نے بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں۔ مادر وطن کے دفاع اور اپنے ہم وطنوں کے تحفظ کے لیے افواج پاکستان کے بہادر افسران' سپاہیوں سمیت تمام شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، ان کی لازوال قربانیوں کی بدولت ملک بھر میں پائیدار امن قائم ہوا۔ بلاشبہ شہادتوں سے قوم اور پاک فوج کے حوصلے پست نہیں بلکہ بلند ہو گئے ہیں۔ درحقیقت ہمارے محافظوں نے قربانیاں دے کر قوم کا مستقبل محفوظ بنا دیا ہے، قوم اپنے شہیدوں اور غازیوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھے گی۔



## پاک فوج کے ہیلی کاپٹر کو حادثہ

آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں فلائنگ مشن کے دوران پاک فوج کا ہیلی کاپٹر گر گیا۔ اس حادثے میں دو میجروں سمیت چھ افراد شہید ہوئے ہیں۔ سرزمین پاک کے محافظ جہاں مغربی سرحد پر شدت پسندوں سے نبرد آزما ہیں تو وہاں ملک بھر میں سیلاب متاثرین کی ریسکیو اور بحالی کی سرگرمیوں میں دن رات ایک کیے ہوئے ہیں۔ یکم اگست کی شب سیلاب متاثرین کی ریلیف سرگرمیوں کی نگرانی میں مصروف کور کمانڈر کوئٹہ جنرل سرفراز علی کے ہیلی کاپٹر کو بھی حادثہ پیش آیا تھا جس میں جنرل سرفراز سمیت 6 افسروں اور جوانوں نے جام شہادت نوش کیا تھا۔ اس حادثے کے باوجود آرمی چیف خود سندھ اور بلوچستان میں امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کر رہے ہیں جو پاک فوج کی وطن اور ہم وطنوں سے غیر مشروط لازوال محبت کا ثبوت ہے۔ یہاں یہ بات بھی توجہ طلب ہے کہ سیلاب متاثرین کی بحالی بنیادی طور پر سیاسی قیادت کی ذمہ داری ہے جو بدقسمتی سے اپنی قومی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے بجائے سیاسی محاذ گرم کیے ہوئے ہے۔ قوم پاک فوج کی قربانیوں کی معترف اور وطن کے لیے جان قربان کرنے والوں کے درجات کی بلندی کے لئے دعا گو ہے۔ اللہ وطن کے لیے جان دینے والوں کے درجات بلند اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے جن کی قربانیوں کی وجہ سے پاکستانی آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 SEP 2022 Page No. 17


## ہرنائی ہیلی کاپٹر حادثہ، پاک فوج کے 6 جوان شہید

پاک فوج کا ہیلی کاپٹر بلوچستان کے علاقے ہرنائی کے قریب گر کر تباہ ہوگیا جس کے نتیجے میں 2 پائلٹس سمیت ہیلی کاپٹر میں سوار تمام 6 جوان شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی مطابق پاک فوج کا ہیلی کاپٹر کل رات بلوچستان کے علاقے ہرنائی کے قریب فلائنگ مشن کے دوران گر کر تباہ ہوگیا۔ حادثے میں شہیدوں ہونے والوں میں پائلٹ میجر محمد نیب افضل، پائلٹ میجر خرم شہزاد شامل ہیں، دیگر عملے میں نائیک جلیل، صوبیدار عبدالواحد، سپاہی شعیب اور سپاہی محمد عمران شامل ہیں۔ میجر خرم شہزاد کی عمر 39 سال تھی اور ان کا تعلق اٹک سے تھا، انہوں نے سوگواروں میں بیوی اور ایک بیٹی چھوڑی ہے، شہدا میں شامل میجر محمد نیب افضل کی عمر 30 سال تھی، ان کا تعلق راولپنڈی سے تھا جبکہ انہوں نے ورثا میں دو بیٹے چھوڑے ہیں۔ افسوسناک حادثے میں شہید صوبیدار عبدالواحد کی عمر 44 سال تھی، وہ کرک کے گاں صابر آباد کے رہائشی تھے، ان کے 3 بیٹے اور ایک بیٹی سمیت 4 بچے ہیں۔ شہید محمد عمران کی عمر 27 سال تھی، وہ مخدوم پور خانیوال کے رہائشی تھے، وہ 2 بیٹیوں اور ایک بیٹے کے باپ تھے۔ شہید نائیک جلیل کی عمر 30 سال تھی، وہ ضلع گجرات کے رہائشی تھے، ان کے 2 بچے ہیں، شہید سپاہی شعیب کی عمر 35 سال تھی اور وہ ضلع اٹک کے رہائشی تھے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل اگست میں بھی پاک فوج کے ایک ہیلی کاپٹر کو بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں حادثہ پیش آیا تھا جس میں لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی سمیت تمام 6 افسران اور جوانوں نے جام شہادت نوش کیا۔ دریں اثناء بلوچستان کے علاقے ہرنائی ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے 6 جوانوں کی نماز جنازہ پیر کو کوئٹہ گیریژن بلوچستان میں ادا کر دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نماز جنازہ میں کے کور کمانڈر بلوچستان، اعلیٰ سول و فوجی حکام نے شرکت کی، جس میں قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی، کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور، صوبائی وزیر مبین خلجی، چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی، آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ و دیگر اعلیٰ حکام شامل تھے۔ شہدا کے جسد خاکی ان کے آبائی علاقوں کی جانب روانہ کر دیے گئے جہاں پورے فوجی اعزاز کے ساتھ ان کی تدفین ہوگی۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اور وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے ہرنائی، بلوچستان میں ہیلی کاپٹر حادثے میں فوجی افسران و جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے شہدا کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے شہدا کیلئے بلندی درجات کی دعا کی ہے صدر مملکت نے شہدا کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے شہدا کیلئے بلندی درجات کی دعا کی ہے۔ صدر مملکت نے میجر نیب، میجر خرم شہزاد، صوبیدار واحد، نائیک جلیل، سپاہی عمران اور سپاہی شعیب کی شہادت پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حادثہ میں جام شہادت نوش کرنے والے شہدا کو ان کی عظیم قربانیوں پر تمام قوم سلام پیش کرتی ہے۔ حادثہ میں جام شہادت نوش کرنے والے شہدا کو ان کی عظیم قربانیوں پر تمام قوم سلام پیش کرتی ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے ہرنائی بلوچستان میں ہیلی کاپٹر حادثے میں 6 افسروں اور جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے شہدا میجر خرم شہزاد، میجر محمد نیب افضل، صوبیدار عبدالواحد، سپاہی محمد عمران، نائیک جلیل اور سپاہی شعیب کے اہل خانہ سے تعزیت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ مادر وطن کے تحفظ، سلامتی اور دفاع کے لئے افواج پاکستان نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ قوم کو اپنے شہدا پر فخر ہے، یہ قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ مادر وطن کے تحفظ، سلامتی اور دفاع کے لئے افواج پاکستان نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ قوم کو اپنے شہدا پر فخر ہے، یہ قربانیاں ناقابل فراموش ہیں وزیراعظم نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند کرے اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

# Importance of master plan

Balochistan has immense potential to attract national and international tourists and investors. However, to tap the potential and significant natural resources of Balochistan, a comprehensive planning and proper strategy is inevitable. Without ensuring proper facilities and infrastructure neither it can attract tourists from abroad and inside the country nor do investors, no matter how much mineral resources and beautiful sites the province owns. Balochistan government had decided to formulate a master plan for 770 kilometers long coastal strip that would help achieve economic development targets. According to government, work on master plan 2020-2050 of coastal strip has been initiated. Through master plan and private sector, the investors will be guided to achieve the development goals and make policy for the improvement of the area. The master plan will identify suitable locations for small ports, harbours, jetty, recreational sits for tourists, hotel, petrol pumps and industry and suitable places for producing energy. The long virgin coastal belt of Balochistan is no doubt very beautiful and attractive, however owing to past many decades, no development had been made to improve the coastal areas of the resource rich province. However, following the construction of Makran Coastal Highway and construction of Gwadar Deep Sea Port the value of coastal areas increased manifold with the passage of time. Similarly, the China Pakistan Economic Corridor (CPEC) further increased the importance of coastal areas as there are many development projects associated with CPEC that will be constructed along with coastal strip of Balochistan. In past the formation of master plan was not given due focus therefore now most of the cities and developed areas facing great difficulties because they were constructed without forming master plan. Even Balochistan's provincial capital, Quetta, is also passing through a number of civic and other issues owing to lack of proper master plan. Hopefully, the government of Balochistan and other concerned authorities would ensure proper implementation of master plan in coastal strip. Makran division having a long costal area and being the hub of CPEC it is essential that all development works should be done in accordance with master plan. Following completion of CPEC, Gwadar and other towns of Makran along with its coastal belt will have to experience thousands of tourists and investors. Thus it is inevitable to meet the future challenges, possible increase of tourists and growth in population, the authorities have taken right decision by forming master plan for coastal strip that will help to meet the future demands in better way.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 SEP 2022 Page No. 21

# بلوچستان، کابینہ میں ردوبدل کی باتیں

جمعیت علماء اسلام (ف) بلوچستان کی بڑی سیاسی اور پارلیمانی جماعت ہے۔ پارلیمان کے غالب عرصہ حکومتوں میں شامل رہی ہے۔ 2002 اور 2008ء کی اسمبلیوں میں سینئر وزارت اس کے حصے میں تھی۔ کرتا دھرتا مولانا عبدالواسع تھے۔ 2013ء کی اسمبلی میں موقع موافق نہ بنا حزب اختلاف میں بیٹھ گئی۔ ڈھائی سال تک ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ وزیراعلیٰ تھے ان



حرف عام

جلال نورزئی

کے بعد مسلم لیگ (ن) کے نواب ثناء اللہ زہری وزیراعلیٰ بن گئے وفاق میں مسلم لیگ (ن) کے خلاف فضاء بنی تو بلوچستان حکومت بھی اس کی زد میں آ گئی ق لیگ صوبے میں میاں نواز شریف کی جماعت پر وار کرنے والوں کے شانہ بشانہ تھی۔ عبدالقدوس بزنجو ق لیگ میں تھے اور اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر تھے۔ چناں چہ ن لیگ سے وابستہ ارکان اسمبلی نے اشارہ ملتے ہی قبلہ تبدیل کر دیا۔ ثناء اللہ زہری سے وزارت اعلیٰ لے لی گئی۔ عبدالقدوس بزنجو آگے آ گئے تھے اور حکومتی مدت کے آخری چھ ماہ صوبے کے وزیراعلیٰ بنے۔ اس تجربہ کے تحت نئی جماعت کے تار و پود جوڑ کر بلوچستان عوامی پارٹی بنائی گئی۔ جام کمال خان بھی مشکل وقت میں میاں نواز شریف کو چھوڑنے والوں میں تھے اور نئے سیاسی جتھے کے صدر بنائے گئے۔ مقصود بیان یہ ہے کہ حزب اختلاف یعنی عوامی نیشنل پارٹی، سردار اختر مینگل اور جمعیت علماء اسلام اس پورے عمل میں مکمل ساتھ و ہمنوا تھی۔ 2018ء کے عام انتخابات میں فضا پھر ایسی بنی کہ جمعیت علماء اسلام اور بی این پی کو حزب اختلاف میں بیٹھنا پڑا۔ اس بار پشتونخوا میپ کے اکلوتے رکن اسمبلی نصر اللہ خان بھی حزب اختلاف کی کرسی پر بیٹھ گئے۔۔ جام کمال خان وزیراعلیٰ بنے۔ عبدالقدوس بزنجو ایوان کے اسپیکر کے اہم منصب پر بٹھائے گئے۔ جام کمال خان غیر لچکدار تھے یا ہٹ دھرمی دکھانے پر مجبور کیے گئے تھے، بہر حال ان کے حزب اختلاف سے مراسم تلخ ہی رہے۔ رفتہ رفتہ پھر عدم اعتماد کی تحریک کا ماحول بن گیا۔ عبدالقدوس بزنجو اسپیکر ہونے کے باوجود کھلے عام حزب اختلاف اور اپنی جماعت کے بعض ارکان سے مل کر باغیانہ سیاست پر کام کرتے رہے۔ جمعیت علماء اسلام، پشتونخوا میپ اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے ساتھ مراسم والہانہ تھے۔ جب ماحول بن گیا تو وہ ماہر بھی کوئٹہ میں نمودار ہوئے جنہوں نے صوبے میں نواز لیگ کی حکومت گرائی تھی۔ آخر کار جام کمال خان وزارت اعلیٰ سے مستعفی ہو گئے۔ حزب اختلاف میں اگرچہ رہی مگر حکومتی ارکان و جماعتوں سے زیادہ مستفیض ہیں۔ خواہ 23-2022 کا بجٹ ہو یا بیورو کریسی اور عدلیہ میں من پسند تعیناتیاں کہیں اپنا حصہ چھوڑا نہیں قائد حزب اختلاف ملک سکندر ایڈووکیٹ کے فرزند منیر احمد ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل اور جمعیت ہی کے رؤف عطاء ایڈووکیٹ ایڈیشنل اٹارنی جنرل بنائے گئے ہیں۔ گویا حزب اختلاف کا پردہ محض سیاسی بھرم و لاج رکھنے کے لیے قائم ہے۔ بی این پی کے قائد سردار اختر مینگل جملہ دہراتے ہیں کہ وہ جام کو بنانے کے ثواب میں شامل تھے قدوس کو وزیراعلیٰ بنانے کے گناہ میں نہیں۔ درحقیقت بی این پی نواز لیگ کی حکومت گرانے کے گناہ، اس کی جگہ قدوس بزنجو کو وزیراعلیٰ بنانے کے گناہ میں شامل تھے۔ مابعد جام کو ہٹا کر پھر سے عبدالقدوس بزنجو کو وزارت اعلیٰ کے اہم اور بڑے منصب پر بٹھانے کے گناہ میں بھی شامل ہیں۔ ظاہر ہے اس طرح کی لطیف جملہ بازی سے بلوچ عوام گمراہ نہیں ہوں گے کہ یہ سارا منظر نامہ عوام کے پیش نظر ہے۔ اب جمعیت علماء اسلام عبدالقدوس بزنجو کی کابینہ میں شامل ہونے کا فیصلہ کر چکی ہے۔ جے یو آئی بلوچستان اسمبلی میں گیارہ ارکان رکھتی ہے جو کہ بڑی تعداد ہے۔ جے یو آئی اپنی قیمت جانتی ہے۔ اسے یہ بھی معلوم ہے کہ قدوس بزنجو کے خلاف اسی کی جماعت کے اراکین اسمبلی کی ایک غالب تعداد بدظن ہے۔ اس بنا پر جے یو آئی کی ضرورت ہے بلکہ جے یو آئی مخالف کردار نبھا سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ جے یو آئی نے حکومت میں بڑا حصہ مانگنے کا مطالبہ رکھا ہے۔ جے یو آئی دنیا داری کے گر خوب جانتی ہے۔ انہیں پتہ ہے کہ کونسی وزارتیں مرغوب و پر اثر ہیں۔ سننے میں آیا ہے کہ جے یو آئی نے تحریک انصاف کو حکومتی اتحاد سے پوری طرح باہر نکالنے کی بات رکھی ہے۔ قدوس بزنجو البتہ تحریک انصاف کے رکن اسمبلی جن کے پاس حاضر وقت تعلیم کا قلمدان ہے کو ساتھ رکھنے پر مصر ہے سردار اختر مینگل کی جماعت اب بھی عبدالقدوس بزنجو کی پشت پر ہے۔ سردار اختر مینگل سے بھی بزنجو نے اسلام آباد میں ملاقات کر چکے ہیں۔ اہتمام ایوان بالا کے چیئرمین صادق سنجرانی نے عشائیہ میں کیا تھا۔ پھر بھی اگر واقعی ان کے اقتدار کو خطرہ ہے تو قدوس بزنجو حریف و حلیف بدلنے میں دیر نہیں لگاتے ان کے مخالفین کا کہنا ہے کہ اس وقت اکثر معاملات بے خبری میں نمٹائے جا رہے ہیں سی ایم ہاؤس سے سپریم کورٹ کے فیصلے کے قطعی خلاف سول سرونٹ ایکٹ کے برعکس اے ای اوز کا انضمام صوبائی سول سروسز گروپ میں ہونا اس کی دلیل ہے۔ جے یو آئی کی مانند بلوچستان نیشنل پارٹی کو بھی چاہیے کہ وہ اس حقیقت کو سمجھے کہ آج کے دور میں عوام کو ایک ایک بات کی خبر ہوتی ہے سابقہ گناہوں کی تلافی اور کفارہ ضروری ہے جمعیت علماء اسلام کا بلوچستان اسمبلی میں ٹرانس جینڈر قانون کے خلاف قرارداد جمع کرانا اور اس کی منظوری بھی ایک سیاسی بہروپ ہی ہے۔ وگرنہ یہ کام تو سینیٹ اور قومی اسمبلی میں ہونا چاہیے تھا۔ جہاں جمعیت العلماء اسلام حکومت کا حصہ ہے۔ نصیر آباد ڈویژن سیلابی پانی کی اذیت میں مبتلا ہے۔ بات امداد و بحالی کے اقدام کی کی جائے تو اب تک انتہائی بنیادی نوعیت کے مسائل بھی حل نہیں ہوئے شرم جھنجوڑ دینے والا اور تکلیف دہ پہلو انتہائی شرمناک ہے کہ نصیر آباد ڈویژن میں خواتین سڑک کنارے زچگی کے عمل سے گزر رہی ہیں اور عالم یہ کہ متاثرہ علاقوں میں ملیریا کی گولیاں تک میسر نہیں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily DAWN KARACHI
Bullet No. 7
Dated 27 SEP 2022 Page No. 22

# Toll jumps to 323 as two girls drown in Balochistan

## BISP says Rs46bn distributed among flood victims; UAE Saudi Arabia, Turkiye send aid

By Ali Jan Mangi

DERA MURAD JAMALI: Two girls drowned in floodwater in Sohbatpur area of Nasirabad division on Monday, taking the overall death toll due to rainfall and floods to 323 in the province.

According to the local administration, the incident took place in Abdul Razzaq village. The victims fell and drowned in a canal carrying high flood water.

During the rescue operation, the body of one girl, aged six, was recovered while search was underway for the other girl, according to Levies officials.

The death toll in rain and flood, related incidents touched 323 in Balochistan after 24 deaths were reported in different areas of the province last week, as per the National Disaster Management Authority data.

Malaria and diarrhoea also account for a large number of deaths as the two diseases have spread in all four districts of Nasirabad division.

Meanwhile, the National Flood Response Coordination Centre (NFRCC) reported two flood-related deaths across the country in the past 24 hours. Additionally, 20,738 heads of cattle perished while 93 houses were damaged.

The overall death toll since June 14 stands at 1,638, with 12,865 injured. As many as 2,049,532 houses have either been damaged or destroyed while 1,120,261 cattle have died. The total affected population in 84 calamity-hit districts stands at 33,046,329.

**Rs46bn distributed among affected families**

Meanwhile relief operations are underway in affected areas as national and provincial disaster management authorities disburse aid and compensation among displaced people.

So far more than Rs46 billion has been disbursed among 1,861,836 families under Flood Relief Cash Assistance, according to data shared by the Benazir Income Support Programme (BISP).

Sharing the breakdown, the BISP said 150,568 flood-hit families have received Rs3.76bn in Balochistan, 1,321,300 families have received Rs33.03bn in Sindh, 183,628 families have received Rs4.59bn in Khyber Pakhtunkhwa, 206,033 families have received Rs5.15bn in Punjab and 307 families have received Rs7.67m in Gilgit-Baltistan.

**Aid continues to arrive**

As Pakistan seeks global support to deal with the catastrophe, aid from friendly nations and other countries continued to arrive in Pakistan on Monday. One relief flight each from Saudi Arabia and Turkiye landed at Karachi's Jinnah International Airport on Monday, APP has reported.

A Foreign Office press release said that so far, Saudi Arabia has sent nine flights carrying relief goods for flood-affected people, while 14 such flights have arrived from Turkiye.

Separately, a ship carrying 30 containers loaded with relief goods from the United Arab Emirates also arrived at Karachi Port on Monday.

**Minister seeks early restoration of roads**

Separately, federal Minister for Communications Maulana Asad Mehmood on Monday directed the National Highway Authority to restore all roads and highways affected by floods.

The minister was briefed by the NHA chairman on the situation of Hakla-DI Khan Motorway which has been severely damaged.

# Six servicemen martyred in Harnai chopper crash

## Top civil, military officials attend funeral in Quetta, martyrs to be buried with full military honours

By Saleem Shahid

QUETTA: Six army personnel, including two pilots, embraced martyrdom in the Khost area of Harnai district on Sunday night when a military helicopter crashed during a mission, bringing back memories of last month's tragedy that had struck during flood relief operations in Balochistan.

The martyred officials are Major Khurram Shahzad, Major Mohammad Muneeb Afzal, Subedar Abdul Wahid, Naik Jalil, Sepoy Mohammad Imran and Sepoy Shoaib. Senior military and civil officers offered their funeral prayers at Quetta Garrison on Monday before the coffins of the *shuhada* were dispatched to their native towns, where they will be buried with full military honours, according to the Inter-Services Public Relations (ISPR).

Tributes and condolence messages poured in as soon as the news of martyrdom was confirmed by the ISPR, with President Arif Alvi stating that the nation would remain indebted to those who laid down their lives in service to the motherland.

In early August, six servicemen, including Quetta corps commander and senior army officers, were martyred during flood relief operations in Lasbela district of Balochistan.

About the Harnai incident, the ISPR stated: "All the personnel on board including two pilots have embraced *shahadat* as a result of helicopter crash."

According to the military's statement, Maj Khurram was a resident of Attock, married, with a daughter; Maj Muneeb was a Rawalpindi resident, married, with two sons; Subedar Abdul Wahid hailed from Karak's Sabirabad village, married, with four children; Naik Jalil (crew) belonged to Kharian, married, with two sons; Sepoy Imran was a resident of Makhdoompur area of Khanewal, married, with three children; and Sepoy Shoaib hailed from the Jhand tehsil of Attock, married, with a son.

While paying tribute to the officials of Pakistan Army who laid down their lives in the line of duty, President Alvi prayed for the departed souls and for the grant of patience to their families.

Prime Minister Shehbaz Sharif expressing deep grief and sorrow over the martyrdom said the entire nation was grieved over the loss of lives.

He prayed for the departed souls to rest in peace and for the grant of patience to the bereaved families.

Foreign Minister Bilawal Bhutto-Zardari, acting governor of Balochistan Mir Jan Mohammad Khan Jamali, Chief Minister Abdul Qudoos Bizenjo, Adviser to the Balochistan Chief Minister on Home and Tribal Affairs Ziaullah Langove, Federal Information Minister Marriyum Aurangzeb also expressed grief and said the sacrifices of armed forces were highly commendable and unforgettable.

They said the martyred troops were the real heroes and the entire nation saluted their courage and sacrifices.

# Farmers plan sit-in in Islamabad on 28th

QUETTA: Kissan Etihad Pakistan Chairman Khalid Hussain has said growers will stage a protest sit-in outside Parliament House in Islamabad on Sept 28 in support of their demands.

Speaking at a presser on Monday, he said unprecedented floods in Balochistan had destroyed crops at around 300,000 acres, causing billions of rupees' losses to growers.

He said peasants from all over the country would reach the capital to join the protest against the government which was not fulfilling the promises made to the farmers.

Mr Hussain said despite promises, the government has not provided solar panels to the farmers so far. He demanded that the federal and provincial governments provide relief to the farmers as they have been marooned by the recent floods.

"The government should provide interest-free loans and write off utility bills and agriculture loans," he said. He criticised the Punjab government for putting pressure on the farmers to postpone their planned sit-in in Islamabad.—Saleem Shahid

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 7

Dated: 27 SEP 2022 Page No. 24

# Flood ravaged 128 roads in Naseerabad Division

## 17 roads remain submerged hindering restoration work

SYED ALI SHAH
QUETTA

Floods inflicted widespread damage on infrastructure including destroying 128 roads in Balochistan's Naseerabad Division and its restoration is still far from over.

This was revealed by the Secretary of Communication and Works Department, Ali Akbar Baloch while talking to the media on Monday.

Naseerabad is among the worst hit in the recent torrential downpour and subsequent flooding in Balochistan.

Floods swept away roads and bridges in the division in addition to displacing thousands and submerging a large portion of the district.

According to National Disaster Management Authority (NDMA), Pakistan witnessed a 50 per cent increase in rainfall which was recorded as the worst rainfall in the history of the country.

Most parts of Balochistan were completely inundated and life became totally paralyzed.

"Most parts of the division are flooded and there is no dry space," Ali Akbar Baloch mentioned.

"Our staff and officers are always ready to deal with emergencies and every effort is being made to help the flood victims," Ali Akbar Baloch noted.

Flooding damaged the roads and highways across the province in which 128 roads were damaged in Naseerabad alone.

The communication department revealed that 104 roads have been restored to continue the flow of traffic and communicatoin, however 23 roads are yet to be repaired and opened for traffic.

Work on six roads is going on emergency basis day and night and it would be completed soon.

The department said that 17 roads are still submerged therefore these roads cannot be restored until the flood water is gone. Whenever the water level goes down we will start the restoration work of these roads on emergency basis, the official added.

"The reconstruction of affected communication roads and bridges in the province is no less than a challenge," the Secretary maintained.



سیکرٹری تعلقات عامہ سیدال خان لونی محکمہ تعلقات عامہ کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں، ڈی جی کامران اسد بھی موجود ہیں

MASHRIQ QUETTA



سیکرٹری تعلقات عامہ سیدال خان لونی محکمہ تعلقات عامہ کے دورے کے موقع پر محکمہ کے مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

Century Express Quetta



سیکرٹری تعلقات عامہ سیدال خان لونی محکمہ تعلقات عامہ کے دورہ کے موقع پر محکمہ کے افسران سے بات چیت کررہے ہیں اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ کامران اسد بھی موجود ہیں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 28 SEP 2022 Page No.

Bullet No.




چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی سے یوسیف کے صوبائی سربراہ محمد امیری کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

AZADI QUETTA



کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے یوسیف کے صوبائی سربراہ محمد امیری کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے





وزیر زراعت اسد بلوچ زرعی تحقیقاتی ادارے کے افسروں کے ہمراہ اجلاس کے دوران خطاب کررہے ہیں

قائم مقام گورنر جان جمالی کا یونیورسٹی آف لورالائی کے پانچویں سینٹ اجلاس کے موقع پر گروپ



پشین، صوبائی وزیر خوراک زمرک اچکزئی ملک عثمان اچکزئی اور رشید ناصر سرکاری آٹا تقسیم کررہے ہیں



صوبائی وزیر عبدالرحمن کھیتران ارکان اسمبلی رحیم مینگل اور احمد نواز بلوچ سے تبادلہ خیال کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی یونیورسٹی آف لورلائی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں